مسافران آخرت

حضرت مولانا عبدالبر محمد قاسم رحمہ اللہ:

جامعہ امینیہ دہلی کے فاضل، شیخ التفسیر حضرت مولانا محمد شفیع ملتانی رحمہ اللہ (بانی جامعہ قاسم العلوم ملتان) کے صاحبزادے حضرت مولانا عبدالبر محمد قاسم ۹رنومبر ۲۰۱۵ء کو ملتان میں وفات پاگئے، آپ ۱۹۳۹ء میں پیدا ہوئے، اپنے والدگرامی کے اکلوتے بیٹے تھے، استاذ القراء حضرت مولانا قاری رحیم بخش صاحب پانی پتی رحمہ اللہ سے حفظ قرآن مجید کیا، دینی تعلیم جامعہ قاسم العلوم میں ہی حاصل کی، بہترین مدرس، متعدد کتابوں کے مصنف تھے، جامعہ قاسم العلوم کے متعدد ادوار میں نائب مہتمم اور مہتمم رہے۔

قاری تقی الاسلام دہلوی لاہوری رحمہ اللہ:

۲۰رنومبر ۲۰۱۵ء بروز جمعۃ المبارک ممتاز مدرس، استاذ القراء، قاری تقی الاسلام دہلوی لاہوری انتقال فرماگئے۔ آپ ۱۹۳۰ء میں دہلی کے محلہ شاہتارہ میں پیدا ہوئے۔ کم سنی میں ہی حفظ قرآن مجید کے بعد متعدد اُستاذ قراء سے تجوید پڑھی، قراءاتِ سبعہ کی تکمیل حضرت قاری محمد شریف صاحب رحمہ اللہ سے کی، اُستاذ القراء حضرت قاری عبدالمالک رحمہ اللہ سے عشرہ بطریق درّہ کی تکمیل کرکے ۱۹۶۰ء میں سند حاصل کی۔ تمام عمر خود کو خدمت قرآن مجید کے لیے وقف رکھا۔ آپ کے سینکڑوں شاگرد ہیں جو متعدد دینی اداروں میں حفظ و تجوید کی تدریس کررہے ہیں۔ علم قراءات میں آپ کی متعدد تصانیف ہیں۔

حضرت مولانا سید عبدالمجید ندیم رحمہ اللہ:

۳ردسمبر ۲۰۱۵ء بروز جمعرات خطیب العصر حضرت مولانا سید عبدالمجید ندیم دل کے جان لیوا دورے کے باعث انتقال کرگئے، آپ ۱۹۴۱ء میں پیدا ہوئے۔ اپنی آبائی بستی "لاشاری" کے علاوہ "دہوا"، گوجرانوالہ اور بنوری ٹاؤن کراچی میں دینی تعلیم حاصل کی، اردو زبان کے صاحب طرز خطیب تھے، خوش آوازی، قراءت قرآن میں منفرد تھے، تمام عمر توحید وسنت اور مناقب وحُبِ صحابہ کا درس دیا، دعوت وتبلیغ کے سلسلے میں اندرون و بیرون ملک سینکڑوں سفر کیے، نظریاتی طور پر جمعیت علماء اسلام سے وابستہ تھے۔